# دعوت و تبلیغ دین

<"xml encoding="UTF-8?>

## دعوت و تبلیغ دین

۱سوال: اگر ایک مسلمان غیر اسلامی ممالک میں وہاں کے لوگوں کو دعوت دین دے سکتا ہو یا خود مسلمانوں کے ایمان کی تقویت کے لئے انہیں تبلیغ کرسکتا ہو اور اس کام میں اس کیے لئے کوئی خوف یا مشکلات بھی نہ ہو ں تو کیا یہ تبلیغ دین اس پر واجب ہے ؟
جواب: جی ہاں دعوت و تبلیغ دین کرنا اس پر اور ہر اس شخص پر جو یہ کام کر سکتا ہو واجب کفائی ہے۔